**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 10 minutes    Marks: 45**

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

**میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**

**امیدوار کے دستخط**

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

## حصۂ نثر:

سوال۔1 (کل 7 نمبر)

(الف) ''ایک فرشتۂ رحمت آسمان سے نازل ہوا۔۔۔۔ اس نے بار بار اپنی آنکھوں کو آسمان کی طرف اُٹھایا اور رحمتِ الٰہی پر توکل کر کے نگاہ کو اُسی کی آس پر لگا دیا۔ اس کا نام 'صبر و تحمل' تھا۔ ابھی وہ اس کوہِ مصیبت کے پاس آکر بیٹھا ہی تھا جو کوہِ مذکور خود بہ خود سمٹنا شروع ہوا۔۔۔۔ پھر اس نے ہر شخص کو اصلی اور واجبی بوجھ اُٹھا اُٹھا کر دینا شروع کیا اور ایک ایک کو سمجھاتا گیا کہ نہ گھبراؤ اور بردباری کے ساتھ اُٹھاؤ۔ ہر شخص لیتا تھا اور اپنے گھر کو راضی رضا مند چلا جاتا تھا۔''

(مجموعۂ نظم و نثر: 'انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا' از: محمد حسین آزاد)

درج بالا اقتباس میں 'صبر و تحمل' کو ایک جیتے جاگتے کردار کی صورت میں پیش کرتے ہوئے انسان کی زندگی میں 'صبر و تحمل' کی اہمیت کی عکاسی کی گئی ہے۔ آپ اپنے تجربے یا مشاہدے سے **کوئی ایک** ایسا واقعہ تحریر کیجیے کہ جس میں کسی پریشانی یا مصیبت میں 'صبر و تحمل' سے کام لیا گیا ہو۔ نیز اُس کا نتیجہ بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

(ب) ''ابّا اور امّاں کی اونھ ۔۔۔ یہ کہ بچہ ابھی فیل ہوا ہے، دل ٹوٹا ہوا ہے۔ ذرا کچھ کہا تو ایسا نہ ہو کہ رو رو کر اپنی جان ہلکان کرے یا کہیں جا کر ڈوب مرے۔ غرض اس اونھ نے صاحب زادے کی تعلیم کا خاتمہ بالخیر کیا۔'' (مجموعۂ نظم ونثر: 'اونھ' از: مرزا فرحت اللہ بیگ)

دیے گئے اقتباس کے پیشِ نظر ایسی صورتِ حال کہ بچہ امتحانات میں فیل ہو جائے تو والدین کو کون سے مُثبت اقدامات اُٹھانے چاہییں؟ کوئی دو اقدامات تجویز کیجیے۔ (2 نمبر)

(ج) اردو اصنافِ ادب 'سوانح نگاری' اور 'خاکہ نگاری' کے مابین فرق کے حوالے سے دو نِکات بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

**حصہ ٔ نظم:**

سوال۔2 (کل 8 نمبر)

(الف)

یہی اب عزم ہے بالجزم، دل میں یار کو ڈھونڈیں
تلاش اس شش جہت میں کر چکے ہم چار سُو برسوں

بہ حوالہ ٔ شاعر درج بالا شعر کی تشریح کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

(ب)

- سنِ ولادت و جائے پیدائش: ۱۷۹۷ء، آگرہ
- آخری مغل بادشاہ 'بہادر شاہ ظفرؔ' کے دربار سے بہ حیثیت شاعر وابستگی
- سنِ وفات و مدفن: ۱۸۶۹ء، دہلی
- آپ کے 'مجموعۂ نظم و نثر (درسی کتاب)' میں شامل غزل، ع: 'حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں'

درج بالا معلومات آپ کے مجموعۂ نظم و نثر (درسی کتاب) میں شامل جس شاعر سے متعلق ہیں، اُن کا نام اور تخلص تحریر کیجیے۔
(2 نمبر)

(ج)

کچھ اشارے تھے جنھیں دنیا سمجھ بیٹھے تھے ہم
اُس نگاہِ آشنا کو کیا سمجھ بیٹھے تھے ہم

درج بالا شعر میں سے شعری اصطلاحات 'قافیہ' اور 'ردیف' کی نشان دہی کیجیے۔ نیز ان دونوں شعری اصطلاحات میں سے کسی **ایک** اصطلاح کی تعریف بیان کیجیے۔
(3 نمبر)

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

**تبصرہ نگاری:**

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

دنیا کی کسی بھی ریاست کو ترقی یافتہ بنانے میں نوجوانوں کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ کسی ملک کا نوجوان طبقہ ہی اس ملک کے مستقبل کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ سیاست اپنے آپ، علاقے اور پوری قوم کی اصلاح اور خیر و بھلائی کا نام ہے اور یہ خیر تب پھیلے گا جب ملک کا نوجوان طبقہ سیاست میں موٴثر اور فعال کردار ادا کرے گا۔ مگر ہمارا آج کا اچھا طالبِ علم سیاست سے دور رہنا ہی اپنے لیے عافیت جانتا ہے۔ (https://dailyshahbaz.com)

درج بالا متن کے پس منظر میں تبصرہ تحریر کرتے ہوئے طلبہ کی سیاست سے دوری کے کوئی **دو** اسباب بیان کیجیے۔ نیز طلبہ کے سیاست میں حصہ لینے یا نہ لینے پر اپنی رائے دیتے ہوئے **دو** دلائل شاملِ تحریر کیجیے۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

## تخلیقی تحریر:

سوال۔4 (کل 15 نمبر)



دیے گئے تصویری خاکے کے پس منظر میں **مضمون** یا **رودادِ سفر** تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ **مضمون نویسی / رودادِ سفر** کے اہم عناصر شامل تحریر کیجیے۔ نیز اپنی تحریر کو عنوان دیجیے۔

2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہمارے معاشرے میں بچوں کی تربیت کے حوالے سے دادا دادی / نانا نانی کے کردار کو واضح کرتے ہوئے موجودہ خاندانی نظام میں اُن کی اہمیت بیان کیجیے۔

3۔ تصویر کی جزئیات کا بہ غور جائزہ لیتے ہوئے بچوں یعنی پوتوں پوتیوں / نواسوں نواسیوں کا اپنے دادا دادی / نانا نانی کے ساتھ ہونے والے جذباتی تعلق کی وضاحت کیجیے۔ نیز اُن بزرگانِ خاندان کا اپنے بچوں کی خوشیوں میں ہی خوش رہنے کے رویے کے تناظر میں اپنی تحریر کا احاطہ کیجیے۔

4۔ طنز و مزاح کی خوبی کو اپنی تحریر کا حصہ بنائیے۔

5۔ لکھنے کے لیے جس صنف کا انتخاب کریں اُس پر (✓) کا نشان لگائیے۔

**مضمون / رودادِ سفر**

**عنوان:** ____________________

____________________

____________________

____________________

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB Annual Examination 2023 Teaching and Learning Only

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

**رسمی خط:**

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

فرض کیجیے! آپ کے گھر میں ایک تقریب کے لیے منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ دیگر معاملات میں سے ایک یہ معاملہ بھی زیرِ بحث ہے کہ کھانا کس پکوان سینٹر / باورچی سے بنوایا جائے؟ اسی اثنا میں آپ کو یاد آتا ہے کہ کچھ عرصے پہلے آپ اور آپ کے گھر والوں نے اپنے ایک رشتے دار کے یہاں شادی کی تقریب میں شرکت کی تھی، تو وہاں پیش کیا گیا کھانا آپ کے گھر والوں کو بہت لذیذ اور مزے دار لگا تھا۔ اب آپ کے ابو نے اُس پکوان سینٹر / باورچی کو خط ارسال کرنے کی ذمہ داری آپ کو دی ہے۔

دی گئی صورتِ حال کے پیشِ نظر اُس پکوان سینٹر / باورچی کے نام خط تحریر کیجیے، جس میں درج ذیل نِکات شاملِ تحریر ہوں:

- رشتے دار کے یہاں کی تقریب اور وہاں سب زیادہ پسند آنے والے کھانے کا ذکر،
- آپ کے یہاں منعقد کی جانے والی تقریب کی نوعیت اور تاریخ،
- آپ کی تقریب میں شرکت کرنے والے مہمانوں کی ممکنہ تعداد،
- آپ کی تقریب میں تیار کیے جانے والے کھانوں کی فہرست۔

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only